
© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب



اکرام اللہ ساجد کیلانی

نام کتاب . . . شہدائے اُحد

مصنف . . . مولانا عبدالجلیل رحمانی

ضخامت . . . ۱۲۸ صفحات

قیمت . . . ۴/۵۰ روپے

ناشر . . . مکتبہ نذیریہ، تیلینی امرسدھو فیروزپور روڈ (ملحقہ کوٹ لکھپت) لاہور

پاکباز انسانوں کا وہ مقدس گروہ، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، جنہیں نہ صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کرنے کا شرف حاصل ہوا بلکہ آپؐ کے ساتھ ہم کلام ہونے، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے اور جہاد و عبادات میں شریک ہونے کی سعادت بھی حاصل ہوئی، ان کے ایمان افروز واقعات پڑھ کر جو نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے وہ یہی ہے کہ ان کی تمام زندگی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشنودی، ان کی اتباع و اطاعت اور تسلیم و رضا سے عبارت تھی۔ اور یہی وجہ ہے کہ رب العزت کی طرف سے ان کے ایمان کو معیار کا درجہ نصیب ہوا:

"فان آمنوا بمثل ما آمنتم بہ فقد اھتدوا وان تولوا فانما ھم فی شقاق"

کون مسلمان ہوگا جو ان قابلِ رشک ہستیوں کے سوانح حیات سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے بے چین نہ ہوگا۔ بلکہ راقم الحروف نے تو بیشتر لوگوں کو اس لئے مضطرب پایا ہے کہ کم از کم ان پاکباز اصحابِ رسولؐ کے اسمائے گرامی سے ہی واقف ہو سکیں جو بدر و احد کے میدانوں میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوش بدوش دادِ شجاعت دیتے رہے ——— اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے مصنف کو جنہوں نے "شہدائے احد" میں ان ستر صحابہ کرامؓ کے اسمائے گرامی مع مختصر سوانح حیات یکجا کر دیئے

© rasailojaraid.com